یہ کتاب نہیں ایک زہر فتنہ ہے

تقویۃ الایمان

تالیف

مولانا محمد اسمٰعیل شہید دہلوی

ناشر

فخر العبید اعظمی

مکتبہ نعیمیہ صدر بازار مئوناتھ بھنجن یوپی

12/-

مشکوۃ کے باب لاتقوم الساعۃ الا علی شرار الناس میں لکھا ہے کہ :-

وَاَخْرَجَ الشَّیْخَانِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رضی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی تَضْطَرِبَ اَلْیَاتُ نِسَاءِ دَوْسٍ حَوْلَ ذِی الْخَلَصَۃِ ۔	بخاری اور مسلم نے ذکر کیا کہ نقل کیا ابوہریرۃ رضی نے کہ پیغمبر خدا نے فرمایا نہیں آنے کی قیامت یہانتک کہ ہلیں سرین دوس کی عورتوں کے گرد ذی خصلہ کے ۔ (مشکوۃ)

ف :- یعنی دوس نام ہے عرب کی ایک قوم کا ان میں ایک بت تھا اس کا نام ذی خصلہ تھا وہ پیغمبر خدا کے وقت میں برباد ہوگیا تھا مگر فرمایا کہ قیامت کے

نزدیک اسکو پھر لوگ ماننے لگیں گے اور عورتیں اسکے گرد طواف کریں گی سوان کے سرین ہلتے آپ کو نظر آئے ۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اللہ کے گھر کے سوائے اور کسی کا طواف کرنا شرک کی بات ہے اور کافروں کی رسم ہے یہ ہرگز نہ کیا چاہیئے ۔

فصل (۵)